SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۱۹۷۳

SINDH ACT NO.I OF 1973

سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۳

THE SINDH FINANCE ACT, 1973

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extent and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of West Pakistan Act V of 1958
۴۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ X کی دفعہ ۶-A اور شیڈول کی ترمیم
Amendment of section 6-A and Schedule to West Pakistan Act X of 1958
۵۔ ۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ IX کے ساتویں شیڈول کی ترمیم
Amendment of the Seventh Schedule to West Pakistan Act IX of 1963
۶۔ ۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم
Amendment of Section 12 of West Pakistan Act XXXIV of 1964
۷۔ ۱۹۶۹ کے مغربی پاکستان آرڈیننس VII کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of Section 8 of West Pakistan Ordinance VII of 1969
۸۔ سول کورٹوں میں کیسوں پر پابندی
Bar of suits in civil courts
۹۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۱۹۷۳

SINDH ACT NO.I OF 1973

سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۳

THE SINDH FINANCE ACT, 1973

[۲۹ جولائی ۱۹۷۳]

ایکٹ جس کے ذریعے صوبہ سندھ میں کچھ ٹیکسز اور ڈیوٹیز لگائی اور بڑھائی جائیں گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ صوبہ سندھ میں کچھ ٹیکسز اور ڈیوٹیز لگانا اور بڑھانا مقصود ہے، جو اس طرح ہوں گی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات

Short title, extent and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۳ کہاجائے گا۔

(۲)اس کی پورے صوبہ سندھ تک توثیق کی جائے گی۔

(۳)یہ فی الفور اور پہلی جولائی ۱۹۷۳ سے نافذ ہوگا۔

تعریف

Definitions

۲۔اس آرڈیننس میں جب تک مفہوم کچھ اور طلب نہ کرے، مندرجہ ذیل اظہارات کے ترتیبوا رمعنی اس طرح ہوں گے:

(a)"حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛

(b)"بیان کردہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت بیان کردہ۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of section 3 of West Pakistan Act V of 1958

۳۔سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ (۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V) کی دفعہ ۳ میں:

(a)ذیلی دفعہ (۲) میں الفاظ "ادا کردہ" کے لیئے الفاظ "جمع کردہ" متبادل ہوں گے اور ہمیشہ ایسے ہی تبدیل کیئے ہوئے سمجھے جائیں گے۔

(b)ذیلی دفعہ (۳) کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعات شامل کی جائیں گی، یعنی:

"(3-A)واپاری اور صنعتی مقاصد کے لیئے عارضی طور پر یا مکمل طور پر استعمال ہونے والی عمارات یا زمینوں پر ایک بیٹرمنٹ ٹیکس مندرجہ ذیل پیمانے پر لگائی اور جمع کی جائے گی:

(i)واپاری مقصد کے لیئے پلاٹ	کورڈ ایریا کے فی چورس فٹ پر دس پیسے
(ii)صنعتی مقصد کے لیئے پلاٹ	کورڈ ایریا کے فی چورس فٹ پر پانچ پیسے

(3-B) کسی بھی ریٹنگ ایریا یا اس کے حصہ میں واپاری مقصد کے لیئے ۱۲۰ چورس گز ناپ تک پلاٹ اور صنعتی مقصد کے لیئے ۴۰۰ چورس گز ناپ تک پلاٹ پر ذیلی دفعہ (3-A) کے تحت ٹیکس سے استثنیٰ ہوگی۔"۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ X کی دفعہ ٦-A اور شیڈول کی ترمیم

Amendment of section 6-A and Schedule to West Pakistan Act X of 1958

۴۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان تفریحات پر ڈیوٹی ایکٹ، ۱۹۵۸ (۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ X) میں:

(۱)دفعہ 6-A میں:

(a)ذیلی دفعہ (۱) میں:

(i)الفاظ، اعداد اور کاما "یا مغربی پاکستان مالیات آرڈیننس، ۱۹٦۹ کی دفعہ ۸ میں" کو ختم کیا جائے گا؛

(ii)شق (a) اور (b) میں، الفاظ، اعداد اور کاما "اور مغربی پاکستان مالیات آرڈیننس، ۱۹٦۹ کے تحت ویلفیئر سیس" کو ختم کیا جائے گا؛

(iii)شق (c) میں، الفاظ، اعداد اور کاماؤں "اور مغربی پاکستان مالیات آرڈیننس، ۱۹٦۹ کی دفع ۸ کے تحت ویلفیئر سیس" کو ختم کیا جائے گا۔

(b)ذیلی دفعات (۲)، (۵)، (٦) اور (۸) اور ذیلی دفعہ (۸) کے شرطیہ بیان میں، الفاظ "اور ویلفیئر سیس" کو ختم کیا جائے گا؛

۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ IX کے ساتویں شیڈول کی ترمیم

Amendment of

(c)ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ، اعداد اور کاماؤں "اور مغربی پاکستان مالیات آرڈیننس، ۱۹۶۹ کے تحت ویلفیئر سیس" کو ختم کیا جائے گا؛ اور

(d)وضاحت کی شق (b) کو ختم کیا جائے گا؛ اور

(۲)شیڈول کے کالم ۲ کے عنوان میں، الفاظ "اور ویلفیئر سیس" کو ختم کیا جائے گا۔

the Seventh Schedule to West Pakistan Act IX of 1963

۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم

Amendment of Section 12 of West Pakistan Act XXXIV of 1964

۵۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان مالیات ایکٹ، ۱۹۶۳ (۱۹۶۳ کے مغربی پاکستان ایکٹ IX) کے ساتویں شیڈول مین، قیمت اور ٹیکس کے کالم میں:

(a)اعداد اور الفاظ "ساڑھے ۷ فیصد" کے لیئے اعداد اور الفاظ "۱۰ فیصد" متبادل ہوں گے؛ اور

(b)اعداد اور الفاظ "۱۰ فیصد" کے لیئے اعداد اور الفاظ "۱۵ فیصد" متبادل ہوں گے۔

۶۔ صوبہ سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴ (۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV) کی دفعہ ۱۲ کی ذیلی دفعہ (۱) اور اس کے شرطیہ بیان میں، الفاظ "بارہ پیسے" کے لیئے الفاظ "اٹھارہ پیسے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۶۹ کے مغربی پاکستان آرڈیننس VII کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of Section 8 of West Pakistan Ordinance VII of 1969

۷۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان مالیات ایکٹ، ۱۹۶۹ (۱۹۶۹ کے مغربی پاکستان آرڈیننس VII) کی دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

(a)شق (i) میں، الفاظ "دس پیسے فی ٹکٹ" کے لیئے الفاظ "بیس پیسے فی ٹکٹ" متبادل ہوں گے؛

(b)شق (ii) میں، الفاظ "ایک روپیا فی ٹکٹ" کے لیئے الفاظ "دو روپے فی ٹکٹ" متبادل ہوں گے۔

سول کورٹوں میں کیسوں پر پابندی

Bar of suits in civil courts

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۸۔اس ایکٹ اور اس کے سلسلے میں بنائے گئے

قواعد کے تحت لگائی گئی، وصول کی گئی یا جمع کی گئی ٹیکسز اور سیس کو حل کرنے یا تبدیل کرنے کے لیئے کسی سول کورٹ میں کوئی کیس نہیں ہوگا۔

۹۔ حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے اور ایسے قواعد دوسرے معاملات کے ساتھ اس ایکٹ کے تحت ٹیکسز اور سیسز کے لگانے، وصول کرنے اور ادائگیوں کا طریقہ کار بیان کریں گے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔